Shabbir / Fazil

14-06-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں نتیکا تیاگی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج Nice میں، فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنماء مشترکہ طور پر بھارت Innovates تقریب کا افتتاح کریں گے۔

2- اِسرو کے چیئرمین وی نرائن نے کہا ہے کہ خلائی تحقیق کا بھارتی ادارہ ISRO چاند پر اترنے والا ایسا خلائی جہاز، تیار کر رہا ہے، جو 200 دن تک کام کر سکے گا۔

3- بھارتی محکمۂ موسمیات IMD کے مطابق آئندہ دو سے تین دنوں میں جنوب مغربی مانسون کے کرناٹک، تلنگانہ، آندھراپردیش، اُڈیشہ اور چھتیس گڑھ کے جنوبی علاقوں تک پہنچنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم کرنے کا معاہدہ آج طے پا جائے گا اور اس کے فوراً بعد سبھی کیلئے آبنائے ہُرمز کو کھول دیا جائے گا۔

5- دھرم شالہ میں بارش سے متاثرہ پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے افغانستان کو 7 وکٹ سے ہرایا۔

6- اور خواتین کے ICC ٹی-ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں بھارت آج شام برمنگھم میں اپنے روایتی حریف پاکستان کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Final PM Nice Visit

وزیرِ اعظم نریندر مودی دو ملکوں فرانس اور سلوواکیہ کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت فرانس کے شہر Nice پہنچ گئے ہیں۔ فرانس میں اپنے قیام کے دوران وہ فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں کے ساتھ مشترکہ طور پر بھارت Innovates کا افتتاح کریں گے اور آئندہ G7 سمٹ سے قبل وہ صدر میخوں کے ساتھ باہمی تعاون کے اہم شعبوں اور عالمی امور پر دو طرفہ بات چیت کریں گے۔

اس کے بعد وزیرِ اعظم سلوواکیہ کا دورہ کریں گے، جہاں وہ سلوواک قیادت کے ساتھ دو طرفہ میٹنگیں کریں گے۔ کل

معروف ہوٹل Negresco میں منعقدہ ایک کمیونٹی استقبالیہ تقریب میں بھارتی برادری کی بڑی تعداد نے وزیرِ اعظم کا گرمجوشی سے استقبال کیا۔

**0815 Final Music**

وزیرِ اعظم مودی نے بھارتی برادری کے افراد سے پُرجوش انداز میں خوشگوار ملاقات کی اور رنگا رنگ ثقافتی پروگراموں سے محظوظ ہوئے۔ ان پروگراموں میں بھارتی کلاسیکی رقص کی مختلف شکلیں، جن میں کتھک، اوڈیسی اور بھرت ناٹیم شامل ہیں، پیش کی گئیں۔ یہ رقص فرانسیسی اور اطالوی فنکاروں نے پیش کیے۔

**0815 PM Kathak Dance Music**

یہ پُرجوش استقبالیہ بھارت اور فرانس کے درمیان مضبوط ثقافتی اور عوامی روابط کی عکاسی کرتا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ **V/C - Shailesh**

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں کے ساتھ Nice میں Palais des Expositions میں بھارت Innovates پروگرام کا افتتاح کریں گے۔ اس تقریب میں بھارت کے اسٹارٹ اَپ اور اختراعی ایکو نظام کو اُجاگر کیا جائے گا، جہاں تقریباً 120 اسٹارٹ اَپس عالمی سرمایہ کاروں اور ٹیکنالوجی قائدین کے سامنے اپنی اختراعات پیش کریں گے۔

تقریب کے بعد وزیرِ اعظم مودی اور صدر میخوں Villa Kerylos میں دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ یہ اس سال بھارت اور فرانس کے تعلقات کو خصوصی عالمی اسٹریٹیجک شراکت داری کی سطح تک بڑھانے کے بعد پہلی ملاقات ہوگی۔

دونوں رہنماؤں کے درمیان دفاع، ٹیکنالوجی، تجارت اور اختراع کے شعبوں میں تعاون کے علاوہ اہم علاقائی اور عالمی حالات و واقعات پر بھی تبادلۂ خیال کیے جانے کا امکان ہے۔ اس کے بعد وزیرِ اعظم اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت سلوواکیہ کیلئے روانہ ہو جائیں گے۔

Nice سے شیلیش مینن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

**PM Slovakia India Ambassador**

سلوواکیہ میں بھارت کی سفیر اَپوروا سریواستو نے کہا ہے کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا سلوواکیہ کا دورہ دونوں ملکوں کے درمیان اشتراک و تعاون کے نئے مواقع فراہم کرے گا اور اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔ محترمہ اَپوروا سریواستو سلوواکیہ کے Bratislava میں آکاشوانی کے نمائندے کے ساتھ گفتگو کر رہی تھیں۔

**S/B - Slovaka Ambassador**

**Trump - PM Modi**

وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ آئندہ ہفتے فرانس میں منعقد ہونے والی G7 سمٹ کے دوران وزیرِ اعظم نریندر مودی سمیت دیگر عالمی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔ امریکی انتظامیہ کے ایک سینئر عہدیدار کے مطابق، ان ملاقاتوں میں اقتصادی ترقی، سپلائی چینز، مصنوعی ذہانت، سرمایہ کاری میں شراکت داری اور عالمی سلامتی سے متعلق مختلف چیلنجوں پر تبادلۂ خیال متوقع ہے۔

صدر ٹرمپ بدھ کے روز وزیرِ اعظم مودی کے ساتھ ایک دوطرفہ میٹنگ کریں گے، جس کے بعد وہ ایک ظہرانے میں شرکت کریں گے۔ اس ظہرانے میں G7 ملکوں کے رہنما، شراکت دار اور ٹیکنالوجی ایگزیکٹوز بھی شریک ہوں گے۔×

**ISRO LUNAR LANDER**

خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے (ISRO) کے چیئرپرسن V نارائنن نے بتایا ہے کہ انہوں نے ایک ایسے جدید مصنوعی ہیٹنگ نظام کو تیار کرنے کیلئے ایٹمی توانائی کے محکمہ کے ساتھ اشتراک کیا ہے، جو چاند کی سطح پر اترنے والے خلائی جہاز کو چاند کے بے حد ٹھنڈے موسم سے محفوظ رکھ سکے۔

بنگلورو میں CSIR-RISE کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے ISRO کے سربراہ نے بتایا کہ شمسی توانائی والے چندریان 3 مشن کا خلائی جہاز وکرم چاند پر محض 14 دن ہی کام کر پایا۔ ISRO اب ایٹمی توانائی کے محکمہ کے ساتھ ایک ایسے خلائی جہاز کو تیار کرنے کے لئے کام کرے گا، جو 200 دن تک چاند کی سطح پر کام کر پائے۔×

**Govt 12 Years Ease of Living**

پچھلے 12 برسوں کے دوران، وزیرِ اعظم نریندر مودی کی دوراندیش قیادت میں ''سب کا ساتھ، سب کا وِکاس، سب کا وشواس اور سب کا پریاس'' کے اصولوں کے تحت بھارت میں ایک نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ اس عرصے کے دوران، مودی حکومت نے غریبوں، کسانوں، خواتین اور نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور اُنہیں بااختیار بنانے کیلئے کئی اہم اقدامات کیے ہیں۔ آکاشوانی نیوز آپ کیلئے ایک خصوصی فیچر 12 سال ''وشواس کے، وِکاس کے، جَن کلیان کے'' پیش کر رہا ہے۔ آج ہم اُن اقدامات پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں، جو مودی سرکار نے شہریوں کی زندگی کو آسان بنانے کیلئے کیے ہیں۔

**V/C - Superna**

*اصلاحات کے بارہ سال، اعتماد کے بارہ سال بن چکے ہیں۔ چاہے وہ GST ہو، Faceless ٹیکس کا نظام ہو یا ڈیجیٹل انڈیا، ہر پہل نے شہریوں کو یہ احساس دلایا ہے کہ وہ ملک کی تعمیر میں شریک ہیں۔*

*مرکزی بجٹ 2025-26 میں آمدنی، ٹیکس Slabs اور ٹیکس کی شرحوں میں جامع تبدیلیاں کی گئی ہیں تاکہ تمام ٹیکس دہندگان کو فائدہ پہنچے۔ نئے ٹیکس نظام کے تحت*

سالانہ 12 لاکھ روپے تک کی آمدنی پر کوئی انکم ٹیکس واجب الادا نہیں ہے۔ 88 فیصد ٹیکس دہندگان کی آمدنی 12 لاکھ روپے تک ہے اور وہ براہِ راست فوائد حاصل کر رہے ہیں۔ انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں کی تعداد مالی سال 2022 میں 6 کروڑ 90 لاکھ سے بڑھ کر مالی سال 2025 میں 9 کروڑ 20 لاکھ ہوگئی ہے۔

اگلے سلسلے کے GST نظام نے ٹیکس کے عمل کو مزید آسان بنا دیا ہے اور شہریوں کے رہن سہن کو سہل بنایا ہے۔ ٹیکس کا ڈھانچہ اب بنیادی طور پر 5 فیصد اور 18 فیصد کے Slabs پر مشتمل ہے، جس کے نتیجے میں ٹیکس دہندگان کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

اس سال اپریل میں GST کی وصولی 2 اعشاریہ چار دو لاکھ کروڑ روپے تک پہنچ گئی، جو اب تک کی اعلیٰ ترین سطح ہے۔

آکاشوانی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے فلم پروڈیوسر اور ڈسٹری بیوٹرس سمیر دِکشت نے کہا کہ GST اصلاحات ملک کے سب سے اہم پالیسی فیصلوں میں سے ایک ہیں۔

**S/B - Sameer Dixit**

نریندر مودی حکومت نے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کو اپنایا ہے اور اس ٹیکنالوجی کو سیاست اور پالیسی سازی دونوں شعبوں میں مؤثر طریقے سے استعمال کیا ہے۔ 5G خدمات صرف 22 مہینے میں ملک کے 99 اعشاریہ 6 فیصد اضلاع تک پہنچ چکی ہیں۔ انٹرنیٹ ڈیٹا کی قیمت میں 97 اعشاریہ صفر-سات فیصد کمی آئی ہے، جس سے انٹرنیٹ زیادہ سستا اور قابلِ رسائی ہو گیا ہے۔ BharatNet پروجیکٹ کے تحت 7 اعشاریہ دو-دو لاکھ کلومیٹر آپٹیکل فائبر کیبل بچھائی جا چکی ہے۔ بھارت 6G ٹیکنالوجی میں عالمی رہنما بننے کی جانب گامزن ہے۔

آکاشوانی نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے انٹرنیٹ ایکسپریس کے CEO مہندر تیواری نے کہا کہ "ڈیجیٹل انڈیا" دور دراز علاقوں میں رہنے والے لوگوں اور معاشرے کے نچلے طبقے کے افراد کی کافی مدد کر رہا ہے۔

**S/B - Mahinder Tiwari**

سُپرنا سائکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

**IMD WEATHER**

بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج شمال مشرقی بھارت کے مختلف علاقوں، انڈمان و نکوبار جزائر، کیرالا، ماہے، اڈیشہ، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں موسلادھار بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق آئندہ دو سے تین دنوں کے دوران جنوب مغربی مانسون کے کرناٹک، تلنگانہ، آندھرا پردیش، اڈیشہ کے مزید کچھ علاقوں اور جنوبی چھتیس گڑھ کے بعض حصوں میں پہنچنے کے لئے حالات سازگار ہیں۔

محکمے نے مشرقی راجستھان کے مختلف مقامات پر آج گرج چمک کے ساتھ تیز آندھی چلنے کی بھی پیش گوئی کی ہے، جہاں ہواؤں کی رفتار 60 سے 70 کلومیٹر فی گھنٹے تک رہ سکتی ہے اور بعض مقامات پر ہواؤں کی رفتار 80 کلومیٹر فی گھنٹے تک پہنچ سکتی ہے۔ اسی دوران مہاراشٹر کے بعض علاقوں میں شدید گرم لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔

**Communication Drones**

مواصلات کے مرکزی وزیر جیوتی رادتیہ سندھیا نے ہماچل پردیش میں محکمۂ ڈاک کی جانب سے ڈرون پر مبنی میل ٹرانسمیشن خدمات کے آغاز کا اعلان کیا ہے۔ مذکورہ خدمات منڈی کے صدر پوسٹ دفتر اور Rehardhar شاخ کے پوسٹ دفتر کے بیچ شروع کی گئی ہیں۔ اِس پہل کا آغاز مرکزی وزیر کے گرامین ڈاک سیوکوں اور ڈاک اسٹاف کے ساتھ تبادلۂ خیال کے دوران موصول ہوئے Feedback کے تناظر میں کیا گیا ہے۔ اس میٹنگ کے دوران، دور دراز کے علاقوں میں زیادہ تیز اور مؤثر کنکٹوٹی کی ضرورت کو اجاگر کیا گیا تھا۔ مواصلات کی وزارت نے بتایا ہے کہ محکمۂ ڈاک نے آئندہ دو سے تین مہینوں کے دوران ہماچل پردیش اور آسام میں تقریباً 150 راستوں پر ڈرون پر مبنی میل ٹرانسمیشن شروع کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔x

**US Iran Peace Deal**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم کرنے کیلئے آج ایک معاہدے پر دستخط کیے جائیں گے اور اس کے فوراً بعد اہم گزرگاہ آبنائے ہرمز کو تمام ممالک کیلئے کھول دیا جائے گا۔ انہوں نے یہ اعلان ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کیا ہے۔

اس کے ساتھ ہی ٹرمپ نے خبردار کیا کہ اگر یہ معاہدہ توقعات کے مطابق پایۂ تکمیل تک نہ پہنچ سکا تو مزید حملوں کا آپشن بھی موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ توقع ہے کہ یہ عمل کامیاب ہوگا، لیکن اگر ایسا نہ ہو سکا تو ان کے پاس ''آخری متبادل'' بھی موجود ہے۔

امریکی صدر نے مجوزہ معاہدے کا موازنہ 2015 کے Joint Comprehensive Plan of Action سے بھی کیا۔

اس دوران ایران کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل Baghaei نے کہا ہے کہ کسی بھی معاہدے پر فوری طور پر دستخط ہونے کا امکان نہیں ہے۔ ان کے مطابق یہ عمل آج مکمل نہیں ہوگا، البتہ معاہدے پر دستخط آئندہ چند دنوں میں ہو سکتے ہیں۔x

**Khamenei Funeral**

ایرانی حکام نے ایران کے مرحوم رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کی آخری رسومات کے شیڈیول کا اعلان کیا ہے۔ ایران کی نیوز ایجنسی کے مطابق آیت اللہ علی خامنہ ای کی آخری رسومات کی تقریب تہران میں امام خمینی عبادت گاہ کے مقام پر چار اور پانچ جولائی کو منعقد کی جائے گی۔ اُن کی تدفین 9 جولائی کو مشہد میں امام رضا کی مقدس خانقاہ میں کی جائے گی۔x

**Prataprao Bllod Donor Day**

صحت اور خاندانی بہبود کے وزیر مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے آج خون عطیہ کرنے والوں کے عالمی دن کے موقع پر ملک کے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ رضاکارانہ طور پر خون عطیہ کریں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب جادھو نے کہا کہ عطیہ کیے جانے والے خون کے ہر قطرے میں کسی ضرورت مند کو صحتیاب کرنے اور ایک خاندان کی خوشیوں کو واپس لانے کی طاقت ہوتی ہے۔ انھوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ آگے آئیں، ذمہ دارانہ طور پر خون عطیہ کریں اور قیمتی جانوں کو بچانے میں اپنا رول ادا کریں۔x

**Cricket Ind -Afg ODI**

مردوں کے کرکٹ میں، کل رات ہماچل پردیش کے دھرم شالہ میں تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے بارش سے متاثرہ پہلے میچ میں بھارت نے افغانستان کو 7 وکٹ سے ہرایا۔ جیت کیلئے 195 رن کے نشانے کا پیچھا کرتے ہوئے بھارت نے 22 اوورس پانچ گیندوں میں جیت حاصل کر لی۔ کپتان شبھمن گِل نے 66 گیندوں میں ناٹ آؤٹ 84 رن بنائے۔

اس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ افغانستان کی پوری ٹیم 24 اوورس 5 گیندوں میں 194 رن بنا کر آؤٹ ہو گئی۔ شبھمن گِل کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ افغانستان کی طرف سے رحمٰن اللہ گُرباز نے 51 گیندوں میں شاندار 102 رن بنائے۔

بھارت کی طرف سے اپنا پہلا میچ کھیل رہے ہرش دوبے اور گُرنور برار نے تین-تین وکٹ حاصل کیے۔

بارش کے سبب میچ دیر سے شروع ہوا اور اسے کم کر کے 25 اوورس کا کر دیا گیا تھا۔ بھارت اور افغانستان کے درمیان دوسرا میچ لکھنؤ کے بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپئی ایکانہ کرکٹ اسٹیڈیم میں 17 جون کو کھیلا جائے گا۔x

**Womens T20 World Cup**

خواتین کے ICC ٹی-ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں آج برمنگھم میں Edgbaston کے مقام پر گروپ-اے کے مقابلے میں بھارت، روایتی حریف پاکستان کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام 7 بجے شروع ہوگا۔ خواتین کے ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں میں بھارت کا پاکستان کے خلاف شاندار ریکارڈ رہا ہے۔ بھارت نے 16 میں سے 13 میچوں میں کامیابی حاصل کی ہے۔

آج کے دوسرے مقابلے میں نیدرلینڈس کا سامنا بنگلہ دیش سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے 10 بجے دن میں شروع ہوگا۔

اس سے پہلے انگلینڈ کے Southampton میں گروپ-بی کے مقابلے میں کل ویسٹ انڈیز نے دفاعی چیمپئن نیوزی لینڈ کو 7 وکٹ سے ہرایا۔

گروپ-بی کے ایک اور مقابلے میں کل Manchester میں اسکاٹ لینڈ نے آئرلینڈ کو 40 رن سے شکست دی۔×

**MEA FACT CHECK**

امورِ خارجہ کی وزارت کے فیکٹ چیک یونٹ نے عوام کو خبر دار کیا ہے کہ کیلاش مانسروور یاترا سے متعلق جعلی اعلانات اور اشتہارات آن لائن گردش کر رہے ہیں۔ یونٹ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ایسے اعلانات اور اشتہارات سے ہوشیار رہیں۔

فیکٹ چیک یونٹ نے مزید واضح کیا ہے کہ KMY.GOV.IN ہی وزارت خارجہ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی کیلاش مانسروور یاترا کیلئے واحد مستند اور حقیقی پورٹل ہے۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......حبیب الرحمان

شکریہ -ستیکا

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے بیشتر اردو اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے فرانس اور سلوواکیہ کے چھ روزہ دورے سے متعلق خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب کی سرخی: جی 7 ممالک کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو ملے گی نئی قوت۔ تجارت، ٹکنالوجی، اختراع اور عالمی امور سمیت مختلف موضوعات پر تبادلۂ خیال کا امکان۔

فوج کے نائب سربراہ لیفٹیننٹ جنرل دھیرج سیٹھ کو اگلا آرمی چیف مقرر کیے جانے کی خبر کو سبھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ صفحۂ اول پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے بیان کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے: مستقبل کے دفاعی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے تینوں افواج کے درمیان بہتر تال میل ضروری۔

جی 7 اجلاس کے موقع پر امریکہ اور ایران کے درمیان امن معاہدے پر دستخط کا امکان، معاہدہ ہونے کی صورت میں دستخط ڈجیٹل طور پر ہوں گے۔ 14 نکات میں جوہری معاملے کو کیا گیا ملتوی۔ اس خبر کو بھی اخباروں نے اہمیت کے ساتھ شائع

کیا ہے۔

عالمی خبروں کی کچھ اور اہم سرخیاں اس طرح ہیں:

- سابق سپریم لیڈر علی خامنہ ای آخری رسومات کا اعلان۔
- یوٹیوب نے 75 سے زائد ایرانی چینل کو بلاک کردیا۔
- جنوبی لبنان پر اسرائیل کی شدید بمباری، میئر سمیت 4 افراد جاں بحق۔
- کیپٹل ہل کے حملہ آوروں کو معاوضہ دینے کی ٹرمپ کی کوشش ناکام۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج Nice میں، فرانس کے صدر ایمانوئل میخوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ دونوں رہنماء مشترکہ طور پر بھارت Innovates تقریب کا افتتاح کریں گے۔

2- اِسرو کے چیئرمین وی نرائن نے کہا ہے کہ خلائی تحقیق کا بھارتی ادارہ ISRO چاند پر اترنے والا ایسا خلائی جہاز، تیار کر رہا ہے، جو 200 دن تک کام کر سکے گا۔

3- بھارتی محکمۂ موسمیات IMD کے مطابق آئندہ دو سے تین دنوں میں جنوب مغربی مانسون کے کرناٹک، تلنگانہ، آندھراپردیش، اُڈیشہ اور چھتیس گڑھ کے جنوبی علاقوں تک پہنچنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔

4- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم کرنے کا معاہدہ آج طے پا جائے گا اور اس کے فوراً بعد سبھی کیلئے آبنائے ہُرمز کو کھول دیا جائے گا۔

5- دھرم شالہ میں بارش سے متاثرہ پہلے ایک روزہ بین الاقوامی میچ میں بھارت نے افغانستان کو 7 وکٹ سے ہرایا۔

6- اور خواتین کے ICC ٹی-ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں بھارت آج شام برمنگھم میں اپنے روایتی حریف پاکستان کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---